© rasailojaraid.com



ناشر: Mount Druitt Sydney Australia

قیمت: 494 pages-Nil

مولانا ڈاکٹر شبیر احمد صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں، علوم دینیہ وعصریہ کے حامل عوامی شخصیت ہیں، پندرہ سال سے زائد عرصہ سے سڈنی میں رہائش پذیر ہیں، اور آسٹریلین شہریت کے حامل ہیں، علم فقہ پر عبور رکھتے ہیں اور فقہی مسائل میں اعتدال کی راہ اختیار کرتے ہیں، یہ اور بات ہے کہ آسٹریلیا کے ماحول میں اسے بھی متشددانہ آراء سمجھا جاتا ہے۔

ڈاکٹر صاحب نے عصر حاضر کے مسائل پر عوامی رہنمائی کے لئے اردو زبان میں کتاب تحریر کی تھی، لیکن بہت سے پاکستانی و دیگر ممالک کے افراد اردو سے واقف نہیں ہوتے، ان کی رہنمائی کے لئے آپ کے صاحبزادہ نے جو کہ ابھی ملائیشیا کی یونیورسٹی میں زیر تعلیم ہیں، اس کتاب کا انگریزی میں ترجمہ کر دیا ہے، اور تخریج احادیث کی خدمت بھی انجام دی ہے۔

کتاب میں آسٹریلیا میں رائج غذاؤں ومشروبات کی حلت وحرمت، مرد وخواتین کے لباس و حجاب کے احکام، تصویر کشی، سود، عقائد نماز، روزہ، حج، زکوۃ، حقوق العباد، معاشرتی روابط، حدود وطلاق کا صحیح طریقہ کار جیسے مباحث کو بیان کیا گیا ہے۔

کتاب کی طباعت پر خصوصی توجہ دی گئی ہے، اور دلائل وحوالوں کے ساتھ اپنے موقف کو پیش کیا ہے، البتہ اگر حوالے مکمل دئے جاتے اور کتابیات مکمل کوائف کے ساتھ شامل کی جائیں تو بہتر ہوتا۔ حواشی نمبر ترجمہ کے بجائے عربی ٹیکسٹ پر دینا چاہئے، ڈاکٹر صاحب کے صاحبزادہ کی یہ قابل قدر کوشش ہے، جو ان کے بہتر مستقبل کی خبر دے رہی ہے، اللہ تعالیٰ مزید خدمات کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

کتاب کا نام: Performance Umrah, Hajj and Ziyarah. (English)

مصنف: Dr. Shabbir Ahmed

Traslated by: Hafiz Ikramullah Ahmed

ناشر: Mount Druitt Sydney Australia

قیمت: 175 pages-Nil

ڈاکٹر شبیر احمد صاحب نے حج، عمرہ اور زیارات پر جانے والوں کے لئے جیبی پاکٹ سائز میں عمدہ پیپر اور ر چارکلر میں یہ کتاب شائع کی ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کتاب مختصر انداز میں ہے، مگر جامع ہے، اس سے قبل اردو داں طبقہ کے لئے بھی اس موضوع پر کتاب شائع کر چکے ہیں۔

کتاب کا نام: آپ عمرہ کیسے کریں؟
مصنف: مولانا سعید احمد ثاقب
ناشر: جامعہ تدریس القرآن، دھنی بخش بروہی گوٹھ، اسکیم ۳۳ گڈاپ کراچی
قیمت: بلا معاوضہ، ۱۱۷ صفحات

مولانا سعید صاحب کی کتاب خاص عمرہ پر جانے والوں کے لئے ہے اور عمرہ کا مکمل طریقہ بیان کرنے کے ساتھ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے اہم مقامات کی نشاندہی کر کے تعارف پیش کر دیا ہے، یہ کتاب مختصر و جامع ہے۔

کتاب کا نام: ہم سخن سیرت النبی ﷺ نمبر ۲۰۱۴ء
مصنف: پروفیسر ثمر حسن رضوی (جناح گورنمنٹ کالج ناظم آباد کراچی)
ناشر: جناح کالج کراچی
قیمت: درج نہیں، ۸۸ صفحات

جناح گورنمنٹ کالج سے پرنسپل صاحب کی سرپرستی میں یہ رسالہ جاری ہوا ہے، بظاہر یہ کالج کے خرچ پر شائع ہوا ہے، اس کے بعد ایک اور میگزین بھی کالج سے شائع ہوا ہے، یعنی ایک سال میں دو مجلات کی اشاعت عمل میں آگئی ہے۔ یہ مجلہ خاص سیرت النبی ﷺ نمبر ہے، پروفیسر شگفتہ سعید صاحبہ اور پروفیسر رفیع الدین صاحب کی محنت کا ثمرہ ہے، اس میں کچھ موجودہ دور کچھ متوفی شخصیات کے مقالات و مضامین شامل ہیں، پروفیسر شگفتہ سعید نے آپ ﷺ کے آباء واجداد پر مضمون، مرتضی مکیش کا انسان کامل کا خلق عظیم، مولانا یوسف اصلاحی مرحوم کا داعی اعظم، پروفیسر سرور حسین کا نبی رحمت اللعالمین ﷺ، پروفیسر اصغر کاظمی کا نبی کریم ﷺ کی بچوں سے رحمت وشفقت شامل ہیں، اگر یہ کالج کا مجلہ ہے اور کالج کے خرچ سے شائع ہوا ہے، تو اس کی مجلس ادارت میں طلباء کے نام ہونے چاہیئے تھے۔

کتاب کا نام: بساط عشق سے کار سخن تک
مصنف: منظر عارفی
ناشر: ۱۳/۷ شاہ فیصل کالونی بلاک نمبر ۳، کراچی

© rasailojaraid.com